

## صحبت پور میونسپل کمیٹی کی مبینہ غفلت، لاکھوں روپے کی فائر بریگیڈ مشینری خراب



## ڈیرہ مراد جمالی، تھانہ صدر پولیس کی کامیاب کارروائی

## پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کے لیے نصیرآباد ڈویژن امن کا گہوارہ بن سکتا ہے، محمد حنیف بلوچ

## عراق نے لوٹی گئی رقوم کی بازیابی کے لیے مخبروں کے لیے مالی انعامات کی منظوری دے دی

## ایران کا مناعت کے تحت کے دعووں کو خلاف ورزی پر فیصلہ کن جواب دینے کا اعلان

## اسرائیلی انٹیلیجنس نے ایرانی جوہری پروگرام پر نیتن یاہو کے دعوے کو مسترد کر دیا



## امریکا آج دنیا بھر میں امید کی کرن، ایران کبھی ناکام نہیں ہونے دیں گے: ڈونلڈ ٹرمپ

## بلیلی کسٹم ایئرپورٹ روڈ پر مبینہ قبضے کے خلاف پی ٹی آئی رہنماؤں کا شدید احتجاج

## کانگو میں ایبولا سے اموات 500 کے قریب پہنچ گئیں



## جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مکھی شام لعل لاسی کا بیلہ کا دورہ

## شہید علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں تین بیٹوں کی شرکت، ویڈیو سامنے آگئی

## بھارت، جاپانی وزیراعظم سانائے تاکائچی کی سنتور بجاتے ویڈیو وائرل

## سعودی عرب میں اقامہ، لیبر اور سرحدی قوانین کی خلاف ورزی پر مزید 15 ہزار 591 غیرقانونی تارکین گرفتار

## پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر حاجی انور رونجھا لاسی کا دو روزہ ہنگامی دورہ



## غزہ میں نسل کشی کے باوجود یورپی اداروں کا اسرائیل سے اربوں یورو کے معاہدوں کا انکشاف

## سوات جہیل میں ویڈیو بناتے ہوئے سیاحوں کی گاڑی پھنس گئی

## کوہلو محکمہ جنگلات کی غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کامیاب کارروائی

## کراچی: دکان کے اندر کام کے دوران کرنٹ لگنے سے 27 سالہ نوجوان جاں بحق

## پنجگور، پرائیویٹ اسکولوں کی بڑھتی ہوئی فیسوں اور اضافی اخراجات پر شدید تشویش

## وینزویلا میں خوفناک زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد 2 ہزار 954 ہو گئی

## صحبت پور کے کسان کھیت کو پانی دینے کی ایک ایک بوند کے لیے ترس رہے ہیں، مسعود احمد کھوسہ

## اسرائیل کا ایران جنگ کے دوران اپنے فوجی اور دفاعی نظام امارات بھیجنے کا دعویٰ





## 5 جولائی 1977 یوم سیاہ، قومی تاریخ کا المناک باب ہے: میر محمد یعقوب کھوسہ

## ریلوے ورکرز یونین کا ریلوے انتظامیہ کے خلاف اعلان جنگ

## شامی صدر کی ٹرمپ کو یوم آزادی پر مبارکباد، تعلقات کو مضبوط بنانے کی دعوت

## گرفتاری کا خدشہ، اسرائیلی وزیر بن گویر نے امریکا کا دورہ منسوخ کر دیا

## اسرائیلی انٹیلی جنس نے وزیراعظم نیتن یاہو کی بات ماننے سے انکار کر دیا

## جاپان میں 2025 میں 76 ہزار سے زائد افراد تنہائی میں گھروں میں انتقال کر گئے

## امریکی صدر ٹرمپ ڈاکٹر بن گئے، اے آئی ویڈیو شیئر کر دی

## دنیاپور، تیز رفتار کار خوفناک حادثے کا شکار، ایک نوجوان جاں بحق، 4 شدید زخمی

## امریکا، سالمونیلا کے خدشات پر مشہور آلو کے چپس واپس منگوالیے گئے


"Forever Lost In You"

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان
Daily AAINA Quetta
روزنامہ آئینہ کوئٹہ
قیمت 5 روپے
بانی: منصور الہدیٰ عباسی
ریذیڈنٹ ایڈیٹر فہیم اعوان طاہر خیل
چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان
ایڈیٹر فیصل کریم
03332831889 ❋ Daily.aaina94@gmail.com




# فنانشل ٹائمز اسلام آباد کی 13ویں سالگرہ شاندار انداز میں منائی گئی

## ادارتی ٹیم کو شیلڈز اور یادگاری تحائف سے نوازا گیا















اسلام آباد) مظفر بھٹی (آل پاکستان ایسوسی ایشن آف ہیلتھ اینڈ میڈیکل آرگنائزیشنز (APAHMO) کے زیر اہتمام فنانشل ٹائمز اسلام آباد کی کامیاب صحافتی خدمات کے 13 سال مکمل ہونے پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ادارے کی 13ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا جبکہ فنانشل ٹائمز کی ادارتی ٹیم اور مہمانِ خصوصی ایلن (Alan) کو صحافت، سماجی خدمات اور پیشہ ورانہ کارکردگی کے اعتراف میں شیلڈز اور یادگاری تحائف پیش کیے گئے۔ تقریب میں ڈاکٹر وحید ایم خان) چیف ایڈیٹر (، جاوید صدیق )ایڈیٹر (نسیم حسن اعوان) ایگزیکٹو ایڈیٹر (محترمہ حورش شاہ) ڈائریکٹر نیوز و کوآرڈینیٹر (، نوابزادہ شاہ علی، ندیم تنولی، نوید ستی، اکرام اللہ جوئیہ، نوید نیرؔ اور مہمانِ خصوصی ایلن کو ان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا گیا۔ مقررین نے فنانشل ٹائمز اسلام آباد کی ذمہ دارانہ صحافت، قومی، سماجی، تعلیمی، سفارتی اور کاروباری شعبوں کے مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اخبار گزشتہ تیرہ برس سے تاجروں، صنعتکاروں، کاروباری برادری اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے مثبت اور معیاری صحافت کا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے فنانشل ٹائمز کی انتظامیہ اور ادارتی ٹیم کو 13ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ آئندہ بھی پیشہ ورانہ دیانت، ذمہ دار صحافت اور عوامی خدمت کی اپنی روشن روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ملکی میڈیا میں اپنا مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ اس موقع پر اعزاز حاصل کرنے والے افراد نے منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ معیاری صحافت، سچائی، عوامی خدمت اور قومی مفاد کے فروغ کے لیے اپنی خدمات مزید جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ جاری رکھیں گے۔









